# ووٹنگ کا درجہ بند انتخاب **کے لیے پابندی کی رہنماء**

## سٹی کے دفتر کے لیے انتخاب لڑنے والے امیدواروں کے لیے معلومات

ووٹنگ کا درجہ بند انتخاب (RCV) کا اطلاق 2021 میں پرائمری اور نیو یارک سٹی میئر، پبلک ایڈووکیٹ، کمپٹرولر، بورو صدر اور سٹی کونسل ممبر کے خصوصی انتخابات کے لیے نافذ کیا گیا تھا۔ اسے عام انتخابات میں استعمال نہیں کیا جائے گا۔ پرائمریز اور خصوصی انتخابات کے لیے، RCV لوگوں کے ووٹ دینے کے طریقے کو تبدیل کرتی ہے اور امیدوار نئے طریقوں سے مہم چلانے کا انتخاب کر سکتے ہیں۔

### ووٹ ڈالنے کا نیا طریقہ

2021 سے پہلے، کسی پرائمری یا خصوصی انتخاب میں، ووٹرز ایک امیدوار منتخب کرتے تھے۔ سٹی کونسل یا بورو صدر کے مقابلے میں، سب سے زیادہ ووٹس والا امیدوار جیت جاتا تھا، بےشک اگر اس کا مطلب ہوتا ہے کہ جیتنے والے شخص کو اکثریت سے بہت کم ووٹس پڑے۔ پورے شہر کے پرائمریز اور میئر کے خصوصی انتخابات کے لیے، اگر کسی بھی امیدوار کو کم از کم 40% ووٹس نہ ملتے، تو اولین دو امیدواروں کے درمیان ایک رن آف انتخاب منتخب کیا جاتا تھا۔

RCV کے ساتھ، رن آفس ختم ہو جاتے ہیں۔ صرف ایک کے انتخاب کی بجائے، **ووٹرز ترجیح کے مطابق زیادہ سے زیادہ پانچ امیدواروں کی درجہ بندی کر سکتے ہیں۔** اگر ایک امیدوار ہر ایک کی پہلی پسند کے ووٹوں کا 50% سے زیادہ حاصل کر لیتا ہے، تو وہ انتخاب جیت جاتا ہے۔ اگر کوئی امیدوار پہلی پسند کے ووٹوں کے 50% سے زیادہ حاصل نہیں کرتا، تو راؤنڈز میں گنتی کا عمل جاری رہتا ہے۔ ہر راؤنڈ کے اختتام پر، سب سے کم ووٹوں والے امیدوار کو باہر کردیا جاتا ہے۔ بیلٹس پر، جب سب سے اوپر والا امیدوار نکل جاتا ہے، تو ووٹ بیلٹ پر اگلے سب سے زیادہ درجے والے امیدوار کو چلا جاتا ہے۔ یہ عمل اس وقت تک جاری رہتا ہے جب صرف دو امیدوار باقی رہ جاتے ہیں اور سب سے زیادہ ووٹس والا امیدوار جیت جاتا ہے۔ RCV انتخابات اور جدول بندی کے عمل کے متعلق یہاں مزید سیکھیں۔

### RCV انتخابات میں مہم جوئی

RCV کے ساتھ پرائمری اور خصوصی انتخابات کی مہمات مختلف نظر آ سکتی ہیں۔ سابقہ طور پر، ووٹرز کے پاس ہر مقابلے میں صرف ایک انتخاب ہوتا تھا اور امیدوار اس ایک انتخاب کے لیے مقابلہ کرتے تھے۔ RCV کے تحت، چونکہ ووٹرز ترجیح کی ترتیب سے پانچ تک امیدواروں کی درجہ بندی کر سکتے ہیں، امیدوار نہ صرف پہلے انتخاب کے ووٹس، بلکہ دوسرے انتخاب، تیسرے انتخاب اور کم ترین انتخاب کے لیے مہم جوئی کرنے کا فیصلہ بھی کر سکتے ہیں۔

> حریفوں کی حمایت کرنا اور/یا ان کے ساتھ مل کر مہم چلانے سے عوامی فنڈز کے لیے آپ کی اہلیت خطرے میں **نہیں** پڑے گی، **جب تک کہ آپ اپنی امیدواری کو بھی فروغ دے رہے ہوں**، بےشک اگر آپ کم درجے والے ووٹس بھی مانگ رہے ہوں۔

- **اپنے حمایتیوں کو RCV کے متعلق آگاہ کریں۔** RCV کے متعلق واضح اور جامع معلومات، بشمول یہ کہ ایک RCV بیلٹ کو بھرنے کے طریقے کے متعلق ووٹرز کے لیے ہدایات، کے لیے اپنے حمایتیوں کے ساتھ NYC Votes کا ووٹنگ کا درجہ بند انتخاب کا صفحہ اور کثرت سے پوچھے جانے والے سوالات شیئر کریں۔ ووٹرز کی یاددہانی کروائیں کہ وہ ایک امیدوار کی صرف ایک مرتبہ درجہ بندی کریں، کیونکہ ایک امیدوار کے لیے صرف سب سے زیادہ درجے والا ووٹ شمار ہو گا۔ اس کے علاوہ، انہیں ہر درجے کے لیے صرف ایک امیدوار منتخب کرنے کی یاددہانی کروائیں، کیونکہ ایک درجے کے لیے کئی امیدوار منتخب کرنے سے ان کا بیلٹ ناقابل قبول ہو سکتا ہے۔

- اپنے مہم کرنے کے طریقے کے متعلق سوچیں۔ آپ کا مہم چلانے کا طریقہ آپ پر منحصر ہے۔ آپ صرف پہلے انتخاب کے ووٹس کے لیے مہم چلا سکتے ہیں، آپ کم درجے والے ووٹس کے لیے مہم چلا سکتے ہیں یا آپ درجات کے ایک مجموعے کے لیے مہم چلا سکتے ہیں۔
- یاد رکھیں کہ انتخاب کی رات کو، غیر سرکاری نتائج نامکمل ہوتے ہیں۔ ڈاک سے وصول کردہ بیلٹس، بشمول غیر حاضری، فوجی اور بیرون ملکی بیلٹس، انتخاب کے بعد کے دنوں میں پہنچتے ہیں اور نیو یارک سٹی انتخابات بورڈ (Board of Elections) کی جانب سے انتخابات کے حتمی نتائج کی تصدیق سے پہلے ان کا وصول ہونا اور شمار کیا جانا ضروری ہے۔

### تعمیل کے الرٹس

- **آپ اپنے ایک یا زیادہ حریفوں کی حمایت کر سکتے ہیں۔**
  - ایک RCV مقابلے میں، جب تک آپ اپنی امیدواری کو فروغ دے رہے ہوں، اپنے حریفوں کے ساتھ مل کر مہم جوئی کرنا یا ان کی حمایت کرنا عوامی فنڈز کے لیے آپ کی اہلیت کو خطرے میں نہیں ڈالے گا۔
  - تاہم، اگر آپ اپنی مہم کے فروغ کے بغیر کسی حریف کی مہم کو فروغ دیں گے، تو آپ عوامی فنڈز کے لیے اپنی اہلیت کھو دیں گے۔
- **اگر آپ حریفوں کے ساتھ مہم کر رہے ہیں، تو فیصلہ کریں کہ آیا اخراجات بانٹیں گے۔** ایک RCV انتخاب میں، اگر کوئی خرچہ آپ اور آپ کے حریف، دونوں، کی مہم کو فائدہ پہنچائے گا، تو:
  - آپ مہم کے براہ راست خرچے کے طور پر اس کو خود ادا کرنے کا فیصلہ کر سکتے ہیں۔ ادا کردہ منجانب کے کسی بھی نوٹس پر صرف اپنی مہم درج کریں اور کیمپین فائنانس ہینڈ بک میں موجود تقاضوں کے مطابق خرچے کی دستاویز بندی کریں۔ CFB یہ پیشگی فرض نہیں کرے گا کہ RCV انتخابات میں ایک دوسرے کی حمایت کرنے والے امیدواروں نے مل کر اخراجات کیے۔
  - آپ کسی دوسری مہم کے ساتھ مشترکہ خرچے کے طور پر خرچ تقسیم کرنے کا فیصلہ کر سکتے ہیں۔ ادائیگی کردہ منجانب کے نوٹس پر شرکت کرنے والی تمام مہمات کو درج کریں، ہر مہم کو موصول ہونے والے فائدے کی بنیاد پر اخراجات کو منصفانہ طریقے سے تقسیم کریں، دستاویز بندی کریں کہ تقسیم جائز ہے اور یقینی بنائیں کہ ہر مہم درست رقم ادا کرے۔
  - اگر آپ اپنی مہم کے کسی بھی تحریری اور ادا شدہ مواد میں عوامی طور پر درجہ 1 کے لیے کسی حریف کی حمایت کرتے ہیں اور خود کو ایک کم درجے کے لیے فروغ دیتے ہیں، تو آپ کو اخراجات کا ایک حصہ دوسری مہم کے ذمے لگانا ہو گا، بےشک مشترکہ یا آزادانہ خرچے کے طور پر۔ ایک آزادانہ خرچے کے نتیجے میں آپ کی مہم سے عوامی فنڈز کی کٹوتی کی جا سکتی ہے۔ اضافی معاونت کے لیے *ملاحظہ کریں* مہم فائنانس ہینڈ بک کا باب 3 یا اپنے امیدوار سروسز لائیزان سے رابطہ کریں۔

### RCV کے تحت مہم جوئی سے لطف اندوز ہوں!

RCV آپ کو ایسے ووٹرز سے مربوط ہونے اور حمایت حاصل کرنے کے قابل بنا سکتی ہے، جو بصورت دیگر شاید آپ کی امیدواری کی حمایت نہ کرتے۔ CFB کے RCV تعلیمی مواد برائے ووٹرز یہاں پائے جا سکتے ہیں۔

اگر آپ کے پاس RCV اور آپ کی مہم کی تعمیل یا عوامی فنڈز پر اس کے اثرات کے متعلق کوئی سوالات ہوں، تو براہ کرم CandidateServices@nyccfb.info پر رابطہ کریں۔

04/14/2021